**25.08.2025**

**Hrs 13.50**

**آداب**

**یہ آکاشوانی ہے**

**خبروں کے ساتھ میں ...................... ماجد علی**

**Music**

**--------------------------**

**HL-OPENNING**

* بھارت اور فجی نے صحت، صلاحیت سازی اور **Big Impact** پروجیکٹوں سے متعلق مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا ہے۔

* وزیراعظم نریندر مودی نے، نئی دلّی میں **Fiji** کے اپنے ہم منصب **Sitiveni Rabuka** سے بات چیت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک سائبر سکیورٹی اور ڈیٹا کے تحفظ کے شعبوں میں اپنے تجربات مشترک کرنے کیلئے تیار ہیں۔

* وزیر داخلہ امت شاہ نے آئین کے **130**ویں ترمیمی بِل کے خلاف اپوزیشن پارٹیوں کے احتجاج کی نکتہ چینی کی ہے۔

* اترپردیش کے بلند شہر میں ایک سڑک حادثے میں **9** افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

* بھارتی موسمیات محکمے **IMD** نے آئندہ دو روز کیلئے، ملک کے شمال مغربی حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

* اور، ویتنام کے مشرقی ساحل پر سمندری طوفان **Kajiki** کے سبب وہاں ہوائی اڈے اور اسکول بند کردیئے گئے ہیں اور تقریباً **6** لاکھ لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ہے۔

**------------------------------**

**Music**

**اب خبریں تفصیل سے............**

**FIJI PM**

**وزیراعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں Fiji کے اپنے ہم منصب Sitiveni Ligamamada Rabuka سے بات چیت کی ہے۔ فجی کے وزیراعظم بھارت کے تین روزہ دورے پر کَل نئی دلّی پہنچے تھے۔ اُن کے ہمراہ ایک وفد بھی ہے، جس میں صحت اور طبی خدمات کے وزیر اور سینئر عہدیداران شامل ہیں۔ میٹنگ کے بعد بھارت اور فجی نے آج صحت، صلاحیت سازی سے متعلق مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا۔ فجی کے وزیراعظم کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کے بعد وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ فجی کی راجدھانی Suva میں 100 بستر والا ایک سُپر اسپیشلٹی اسپتال تعمیر کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جَن اوشدھی مراکز قائم کرنے کے علاوہ ڈائلیسِس یونٹ**

اور سی-ایمبولنس بھیجی جائیں گی، جس سے کفایتی اور اعلیٰ معیار کی ادویات کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

جناب مودی نے کہا کہ دونوں ممالک سائبر سکیورٹی اور ڈیٹا کے تحفظ کے شعبوں میں اپنے تجربات مشترک کرنے کیلئے تیار ہیں اور انہوں نے دہشت گردی سے نمٹنے سے بھی اتفاق کیا ہے، جو انسانیت کیلئے ایک بڑا چیلنج ہے۔ وزیراعظم نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت اور فجی نے دفاع اور سکیورٹی کے شعبے میں باہمی اشتراک کو مستحکم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں علم درآمد کا ایک منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ آب وہوا کی تبدیلی فجی کیلئے ایک سنگین خطرہ ہے اور اس سلسلے میں دونوں ممالک قابل تجدید توانائی پر ملکر کام کررہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت اور فجی دونوں بین الاقوامی شمسی اتحاد، قدرتی آفات سے متعلق پائیدار بنیادی ڈھانچے کے اتحاد اور عالمی بائیو فیول اتحاد میں ایک ساتھ ہیں۔×

## Rev. Gujrat PM Visit

وزیراعظم نریندر مودی آج احمدآباد میں 5 ہزار 400 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ گجرات کے اپنے دو روزہ دورے کے دوران، جناب مودی آج شام احمدآباد میں ایک عوامی جلسے سے بھی خطاب کریں گے۔

ترقیاتی پروجیکٹوں میں، احمدآباد اور گاندھی نگر میں دو ہزار 500 کروڑ روپے مالیت کے مختلف شہری ترقیاتی پروجیکٹ اور ایک ہزار ایک سو کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے بجلی کی سپلائی کے پروجیکٹ شامل ہیں۔

گجرات کے بنیادی ڈھانچے کو، خاص طور سے فروغ دینے کیلئے وزیراعظم اُتر گجرات وِج کمپنی لمیٹڈ کے تحت احمدآباد، مہسانہ اور گاندھی نگر میں ایک ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے بجلی تقسیم کرنے کے پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ وزیراعظم، پردھان منتری آواس یوجنا شہری کے تحت جھگی بستیوں کی تعمیر نو کے کام کا بھی افتتاح کریں گے۔ اس کے علاوہ سردار پٹیل رِنگ روڈ کی توسیع اور احمدآباد میں پانی کی سپلائی اور سیور کے بندوبست کو مستحکم کرنے کیلئے نئے شہری پروجیکٹوں کا بھی آغاز کیا جائے گا۔ یہ سب پروجیکٹ جدید بنیادی ڈھانچے، بہتر عوامی خدمات اور گجرات کی تیز رفتار ترقی کو یقینی بنائیں گے۔

## HM Interview

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آئین کے 130ویں ترمیمی بل کے خلاف احتجاج کرنے پر اپوزیشن پارٹیوں کی نکتہ چینی کی ہے۔ ایک نیوز ایجنسی کو دیے انٹرویو میں، جناب شاہ نے الزام لگایا کہ اپوزیشن لیڈر جیل میں ہونے کے باجود، حکومت تشکیل دینے اور اُسے چلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انھوں نے بل کے خلاف اپوزیشن پارٹیوں کے احتجاج کو غیر جمہوری قرار دیا۔

انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ یہ وزیراعظم نریندر مودی ہی تھے کہ جنھوں نے وزیراعظم کے دفتر کو اس بل کے تحت لانے پر زور دیا۔ بھارت کے عوامی نمائندگان کے قانون کا حوالہ

دیتے ہوئے، جناب شاہ نے کہا کہ اگر کسی منتخبہ نمائندے کو دو سال یا اس سے زیادہ مدت کی سزا ہوتی ہے تو اسے رکن پارلیمنٹ کی حیثیت سے اپنے عہدے سے دستبردار کردیا جائے گا۔

اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے 130ویں ترمیمی بل سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹیJPC کا بائیکاٹ کرنے پر، جناب شاہ نے کہا کہ JPC اپنا کام کرے گی اور موجودہ لوگ ہی یہ کام کریں گے۔ سابق نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کے استعفیٰ کے بارے میں اپوزیشن کی جانب سے سوال کئے جانے پر، جناب شاہ نے کہا کہ جناب دھنکھڑ نے اپنی ذاتی صحت کے مسئلے کی وجہ سے استعفیٰ دیا تھا۔ انھوں نے اپوزیشن سے کہا کہ وہ اس معاملے کو اتنا زیادہ طول نہ دیں۔x

**Rev.Bulandshahr Accident**

اتر پردیش میں کَل رات دیر گئے بلند شہر میں ایک سڑک حادثے میں 2 خواتین اور ایکبچے سمیت کم از کم 9 افراد کی موت ہوگئی، جبکہ 45 زخمی ہوئے۔ یہ حادثہ Ghatal گاؤوں کے نزدیک اُس وقت پیش آیا، جب ایک Container عقیدتمندوں سے کھچا کھچ بھرے ہوئے ایک ٹریکٹر سے جاٹکرایا۔ Gogaji کے یہ عقیدتمند اترپردیش کے کاس گنج سے راجستھان کے Gogamedi جارہے تھے۔

بلند شہر کے SSP دنیش کمار سنگھ نے کہا ہے کہ یہ حادثہ علی گڑھ سرحد کے نزدیک کَل دیر رات تقریباً سوا دو بجے قومی شاہراہ 34 پر پیش آیا۔ تقریباً 60-61 لوگ ایک ٹریکٹر میں کاس گنج سے راجستھان جارہے تھے، پیچھے سے آرہے ایک کنٹینر نے تیز رفتار سے ٹکر ماری، جس کے سبب ٹریکٹر پلٹ گیا اور بڑی تعداد میں لوگ زخمی ہوگئے۔

زخمیوں کو Khurja کے اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ تین زخمیوں کی حالت نازک ہے۔ جس ٹرک سے یہ حادثہ پیش آیا وہ پولیس تحویل میں ہے۔×

**Shubshu Lucknow**

بھارتی خلاء باز اور گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کا آج اترپردیش کی راجدھانی لکھنؤ پہنچنے پر شاندار خیر مقدم کیا گیا۔ اترپردیش کے نائب وزیر اعلیٰ برجیش پاٹھک اور میئر سُشما Kharkwal نے لکھنؤ ہوائی اڈّے پر اُن کا خیر مقدم کیا۔ شبھانشو شکلا نے اپنے اسکول کی جانب سے منعقدہ ایک وِکٹری پریڈ میں شرکت کی، جس کے بعد اُن کی عزت افزائی کی تقریب ہوئی۔ وِکٹری پریڈ کے دوران اسکولی بچوں اور مقامی لوگوں نے اُن پر پھول برسائے اور اُن کے ہاتھوں میں قومی پرچم تھا۔ اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ برجیش پاٹھک نے کہا کہ شبھانشو نے اپنے شہر اور ملک کا نام روشن کیا ہے اور لکھنؤ میں اُن کی آمد سے پورا شہر فخر محسوس کررہا ہے۔

**IMD**

بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے دو دن کے دوران ملک کے شمال مغربی حصوں میں شدید سے لے کر بہت شدید بارش کے امکان کے مدِّ نظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات محکمے

کے مطابق گجرات، اوڈیشہ، راجستھان اور اترا کھنڈ میں  کَل تک کہیں کہیں بہت تیز بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔

اِس کے علاوہ اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، بہار، چھتیس گڑھ، ساحلی آندھرا پردیش، ہریانہ، پنجاب، دلّی، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، مغربی بنگال کے ہمالیائی ذیلی خطے اور سکم میں بھی آج بہت تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔x

## Pakistan Rain Death Roll

پاکستان میں شدید بارش کے سبب کم از کم 788 افراد ہلاک اور ایک ہزار سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔ پاکستان کی آفات سے نمٹنے سے متعلق قومی اتھارٹی NDMA کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق، جون سے بارش سے وابستہ واقعات میں مرنے والوں میں دو سو بچے، 117 خواتین اور  471 مرد شامل ہیں۔ پچھلے ہفتے کے آخر میں خیبر پختون خوا کے کئی ضلعوں میں موسلا دھار بارش سے کم از کم 13 افراد ہلاک 52 دیگر زخمی ہوگئے ہیں۔

میڈیا کی خبروں کے مطابق، پنجاب میں 165 ہلاکتیں درج کی گئی ہیں جبکہ خیبر پختون خوا میں سب سے زیادہ  469 لوگوں کے مرنے کی خبر ملی ہے۔x

## Typhon Kajiki

ویئت نام میں اس سال کے اب تک کے سب سے شدید طوفان سے نمٹنے کی غرض سے، ہوائی اڈے اور اسکول بند کردیے گئے ہیں اور بڑے پیمانے پر لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہنچانے کی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

ویئت نام کے محکمہئ موسمیات نے بتایا ہے کہ 166 کلومیٹر فی گھنٹہ تک کی رفتار سے چلنے والی ہواؤں کے ساتھ طوفان Kajiki کے آج سہ پہر تک وہاں پہنچنے کا امکان ہے۔ حکومت نے طوفان Kajiji کی آمد سے قبل پانچ لاکھ  86 ہزار سے زیادہ لوگوں کو نکال کر محفوظ مقامات پر پہنچانے کے احکامات دیے ہیں۔

حکومت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ Kajiki طوفان کے سبب شدید بارش ہوگی، سیلاب اور مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات ہو سکتے ہیں۔

حکومت نے 16 ہزار 500 سے زیادہ فوجیوں اور نیم فوجی دستوں کے ایک لاکھ سات ہزار اہلکاروں کو بچاؤ اور امدادی کارروائیوں کے لیے تعینات کردیا ہے۔x

## Mandaviya India Sports

کھیلوں کے وزیر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ بھارت، 2047 تک دنیا میں کھیل کود والے 5 سرکردہ ملکوں میں شامل ہونے کے جذبے سے سرشار ہے، جب ملک کی آزادی کی صدی مکمل ہوگی۔

احمد آباد میں دولتِ مشترکہ ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب مانڈویا نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت نے کھیل کود کے شعبے میں، کئی گُنا ترقی کی ہے اور اِس شعبے میں بہت سی اصلاحات کی گئی ہیں۔

انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے ملک کو اگلے 10 سال میں، 10 سرکردہ ملکوں میں شامل کرنے کا مقصد مقرر کیا ہوا ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ وقت کی ضرورت یہ ہے کہ ملک میں کھیل کود کا ایک ایکو نظام تشکیل دیا جائے اور حکومت نے اِس پر پوری توجہ مرکوز کر رکھی ہے۔

جناب مانڈویا نے کہا کہ پچھلے پارلیمانی اجلاس میں حکومت نے کھیل کود سے متعلق حکمرانی کا بِل پیش کیا تھا، جو ایتھلیٹ پر مرکوز تھا۔ اِس بِل کے تحت کھیلوں کی قومی فیڈریشنز میں خواتین کی نمائندگی کو اہمیت دی گئی ہے۔×

---